DAILY DUNYA ISLAMABAD www.dunya.com.pk

ایڈیٹر انچیف
میاں عامر محمود

روزنامہ
دنیا
اسلام آباد

TUESDAY, APRIL 15, 2025

جلد نمبر 31 | منگل 16 شوال 1446ھ 15 اپریل 2025ء 2 بیساکھ 2082ب | شمارہ 44

فون نمبر: 051-2891830 ـ فیکس نمبر 051-2891814 | صفحات 8 قیمت 30 روپے

Daily **DUNYA** Islamabad, Tuesday, April 15, 2025

وفاقی محتسب ٹیم 17 اپریل کو جہلم میں کھلی کچہری لگائیگی

وفاقی اداروں کیخلاف شکایات سن کر انکے ازالہ کیلئے ہدایات دی جائینگی

اسلام آباد (نامہ نگار) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر وفاقی محتسب کے ایڈوائزر ہارون سکندر پاشا کی سربراہی میں وفاقی محتسب کی ٹیم 17 اپریل کو میونسپل کمیٹی پنڈدادن خان ضلع جہلم میں دن گیارہ بجے کھلی کچہری لگائے گی جس میں وفاقی اداروں کے مقامی افسران بھی موجود ہوں گے۔ وفاقی محتسب کے افسران، وفاقی اداروں کے خلاف شکایات سن کر ان کے ازالے کے لئے متعلقہ اداروں کو موقع پر ہی ہدایات دیں گے۔ وفاقی محتسب نے بجلی، گیس، نادرا، بے نظیر انکم سپورٹس پروگرام، پاسپورٹ آفس، پوسٹل لائف انشورنس، سٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن اور پاکستان پوسٹ آفس سمیت وفاقی اداروں کے متعلقہ حکام کو کھلی کچہری میں موجود رہنے کی ہدایت کی ہے۔

khabraindigital | Khabraindigital | khabraindigital | daily.khabrain@gmail.com | khabraindigital

ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت۔ اسلام آباد/راولپنڈی، ملتان، بہاولپور، کراچی، فیصل آباد، پشاور، سکھر، مظفرآباد (آزاد کشمیر) سے شائع ہونے والا قومی اخبار

بانی و قائد: ضیا شاہد مرحوم

روزنامہ خبریں
Daily KHABRAIN

اسلام آباد راولپنڈی

چیف ایڈیٹر: امتنان شاہد

جلد 22 | منگل 16 شوال المکرم 1446ھ 15 اپریل 2025ء 2 بیساکھ 2082 ب صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ 174

وفاقی محتسب کی ٹیم 17 اپریل کو پنڈ دادن خان میں کھلی کچہری لگائیگی

وفاقی سرکاری اداروں کے خلاف شکایات کا موقع پر ہی ازالہ کریں گے

اسلام آباد (کامرس نیوز) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر وفاقی محتسب کے ایڈوائزر ہارون سکندر پاشا کی سربراہی میں وفاقی محتسب کی ٹیم 17 اپریل) جمعرات (کو میونسپل کمیٹی پنڈ دادن خان ضلع جہلم میں دن گیارہ بجے کھلی کچہری لگائے گی جس میں وفاقی اداروں کے مقامی افسران بھی موجود ہوں گے۔ وفاقی محتسب کے افسران، وفاقی اداروں کے خلاف شکایات سن کر ان کے ازالے کے لئے متعلقہ اداروں کو موقع پر ہی ہدایات دیں گے۔ واضح رہے کہ یہ کھلی کچہری عوام کو وفاقی محتسب کی طرف سے ان کے گھر کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کے پروگرام Outreach Complaint Resolution(OCR) کا حصہ ہے۔ وفاقی محتسب نے بجلی، گیس، نادرا، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام، پاسپورٹ آفس، پوسٹل لائف انشورنس، اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن اور پاکستان پوسٹ آفس سمیت وفاقی اداروں کے متعلقہ حکام کو کھلی کچہری میں شریک ہونے کی ہدایت کی ہے۔ عوام الناس کھلی کچہری میں وفاقی اداروں کے خلاف شکایات پیش کر سکتے ہیں۔